Government of Pakistan, Ministry of Defence
Military Lands & Cantonments Department
**CANTONMENT BOARD KORANGI CREEK**
Tel 021-35090301 Fax 021-35090718,
Email:newceo.cbkc@gmail.com

Letter No.CBKC/9/Advt/2022/4256 Dated: 23 May, 2022

To

The Director General,
Press Information Department,,
Regional Office **Karachi.**

Subject: - **PUBLICATION OF AUCTION NOTICE:**

Please arrange to publish the attached 01 No. Auction of Jumma, Mangal and Sunday Bazzar Notice for one English and one Urdu local newspapers on or before 25-05-2022 (one insertion only) The notice may be covered in minimum space.

2. Submit tear-sheet of the relevant newspapers for our record, please.

**(Omer Masoom Wazir)**
Cantonment Executive Officer
Korangi Creek

Encl: (01 No. Auction Notice)

Copy to:-

1. The Public Procurement Regulatory Authority (PPRA)
   1st Floor FBC Building Sector G-5/2
   Near State Bank of Pakistan. Islamabad.

2. Master File.

# کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک

## نیلام عام منگل، جمعہ وَ اتوار بازار

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک منگل، جمعہ اور اتوار بازار کا نیلامِ عام برائے مدت ایک سال یکم جولائی 2022 تا 30 جون 2023 مورخہ 11 جون 2022 بوقت 11:00 بجے دن دفترِ ھٰذا میں منعقد کیا جائے گا۔ کسی وجہ سے بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی مورخہ 13 جون 2022 اور دوبارہ بولی نہ ہونے پر تیسری بار مورخہ 14 جون 2022 منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات / پارٹیاں مقررہ وقت پر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

## مختصر شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

1) بولی میں حصہ لینے کے لیے مبلغ Rs.30,00,000 تیس لاکھ روپے بشکل کال ڈپازٹ / پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کورنگی کریک جمع کروانے ہونگے جوکہ بولی کے اختتام پر ناکام بولی دہندگان کو واپس کردیئے جائینگے۔ ماسوائے پہلے کامیاب اور دوسرے بولی دہندہ کے، ناکام بولی دہندہ کے پے آڈرز نیلامی ختم ہونے پر انہیں واپس کردیئے جائینگے۔ بولی دہندہ بذاتِ خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتا ہے۔تمام بولی دہندہ پر لازم ہے کہ وہ اپنے اصل CNIC ہمراہ لائیں اور نیلامی سے قبل CNIC کی نقول بمعہ رابطہ نمبر (موبائل نمبر) جمع کروانا ہونگی۔

2) کامیاب بولی دہندہ کو حکومت کی مقرر کردہ شرح سے انکم ٹیکس ودیگر ٹیکس/چارجز جو حکومت وقت کی طرف سے ہو ادا کرنا ہوگا۔

3) ٹھیکے کی 1/4 حصہ رقم جوکہ بولی کے اختتام پر جمع کروائی جائیگی وہ بطور سیکورٹی رکھی جائیگی اور ٹھیکے کی مدت ختم ہونے پر ٹھیکیدار کے ذمے واجبات نہ ہونے کی صورت میں واپس کردی جائیگی۔ بولی کے چوبیس گھنٹے میں 1/4 جمع نہ کرانے کی صورت میں جمع شدہ کال ڈپازٹ بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلیا جائے گا اس کو کسی بھی عدالت میں چیلنج کرنے کا کوئی حق نہ ہوگا۔ باقی ماندہ رقم مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد لیٹر وصول کرتے وقت جمع کروانا ہوگی باقی چار کوارٹرز کے ایڈونس چیک جمع کرانا ہوگا بصورت دیگر مجاز اتھارٹی کو ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔

4) کامیاب بولی دہندہ کسی بھی ناگہانی آفات آندھی، طوفان بارش، ہڑتال، لاک ڈاؤن، مذہبی تہوار کرفیو غیرہ کی وجہ سے کسی قسم کی معافی/رعایت کا حقدار نہ ہوگا, نہ ہی درخواست جمع کرانے اور نہ ہی اس کو کسی بھی عدالت میں چیلنج کرنے کا حقدار ہوگا۔

5) کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک کے نادہندگان / کینٹ بورڈ کے ساتھ عدالتی کاروائی میں ملوث فرد / افراد / پارٹیاں بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔

6) کامیاب ٹھیکیدار اپنا ٹھیکہ کسی دوسرے ٹھیکیدار کو کسی بھی شکل میں sub-let نہیں کرسکتا۔

7) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی منظوری کی تاریخ سے 03 یوم کے اندر 2000 کے اسٹامپ پیپر پر "تحریری معاہدہ" لازماً کرنا ہوگا۔

8) غیر ملکی شہریت کے حامل افراد یا کوئی بھی ایسا شخص یا ادارہ جو کسی بھی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ یا کسی بھی صوبائی یا وفاقی حکومتی ادارے سے بلیک لسٹ (Black List) قرار دیا جاچکا ہو وہ نیلامی میں حصہ لینے کا حقدار نہ ہوگا۔

9) امن و امان اور عوام کی حفاظت اور سیکیورٹی کامیاب ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

10) کامیاب بولی دہندہ بازار میں نظم وضبط کو قائم رکھنے اور لڑائی جھگڑے کی صورت میں پیش آنے والی تمام صورتِ حال کو خود خوش اسلوبی سے حل کرے گا ۔

11) کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر/ بورڈ PPRA رول 34 کے تحت وجہ بتائے بغیرکوئی بھی بولی منظور اور مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
نوٹسِ ھذا کو PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.org.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

12) مزید شرائط کنٹونمنٹ بورڈ کورنگی کریک سے دفتری اوقات کار میں معلوم کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

ایگزیکٹیو آفیسر کورنگی کریک